سوال

منی پاک ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاانسانی منی پاک ہے اگرناپاک ہے توبتائیے کہ جس منی سے انبیاء علیہ السلام کی پیدائش ہوئی کیاوہ منی ناپاک تھی ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان کی منی پاک ناپاک ہونے کی بحث منتقی مع نیل الاوطارمیں ملاحظہ کریں ۔ اس میں سخت اختلاف ذکرکیا ہے ۔ رہایہ سوال کہ انبیاء اس سے کس طرح پیداہوئے ۔ تواس کاجواب یہ ہے کہ تغیر سے چیزپاک ہوجاتی ہے جیسے زمین کی کھادسبزی بن کرپاک ہوجاتی ہے یہ جواب ان کی طرف سے ہے ۔ جومنی کوناپاک کہتے ہیں اورجولوگ پاک کہتے ہیں ۔ ان پرکوئی اعتراض نہیں ۔

جوپاک کہتے ہیں ۔ وہ ابن عباس رضی اللہ عنہ وغیرہ کی حدیث پیش کرتے ہیں ۔ حنفیہ کے مسلمہ بزرگ امام طحاوی رحمہ اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں ۔

«قال سئل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن المنی یصیب الثوب فقال انما ہو بمنزلة النخاط والبصاق وانما یکفیک ان تمسحہ بخرتة اواذخرہ» (نیل الاوطارجلد1ص53)

''یعنی منی کی بابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال ہواکہ کپڑے کولگ جائے توکیاکرے ؟ فرمایا : کہ منی نیٹ یعنی سینڈھ اورتھوک کے بمنزلہ ہے اورتجھے صرف اسکالیر(کپڑا) یاگھاس اذخرسے پونچھناکافی ہے ۔ ''

امام طحاوی رحمہ اللہ کے علاوہ دارقطنی اوربیہقی رحمہ اللہ نے بھی اس کوروایت کیا ہے ملاحظہ ہومنتقی معہ نیل الاوطارجلد1ص53

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

[کتاب الطہارت، پانی کا بیان، ج1ص240](#)